© rasailojaraid.com



## سلسلۂ مبادیات

مؤلفہ: جناب فروغ علوی کاکوروی ایم، اے، بی، ٹی۔

شائع کردہ: ادارۃ القرآن (مرکز تحریکِ ایمانی) محمد علی لین لکھنؤ۔

قیمت: مکمل سلسلہ ۱۲؍

یہ سلسلہ جیبی سائز کے چھوٹے چھوٹے آٹھ پمفلٹوں پر مشتمل ہے۔ ان پمفلٹوں کے عنوانات یہ ہیں (۱) انسانیت کے قیام و استحکام کا دار و مدار مذہب پر ہے (۲) اسلام سے بہتر کوئی مذہب نہیں (۳) دین فطرت کا فطری نظام ایمان (۴) اسلام سائنس اور نفسیات کی روشنی میں (۵) قرآن کی روشنی میں ذاتِ باری تعالیٰ کا تصور و تعلق (۶) دین فطرت ہمارے لئے ناقابلِ عمل کیوں بن گیا (۷) رسول اللہ کا مرتبہ اور منصب (۸) قرآن کی روشنی میں قرآن کی اہمیت۔

یہ رسائل دین کی بنیادی دعوت پر مشتمل ہیں اور سرسری مطالعہ کی بنا پر ہماری رائے یہ ہے کہ مرکزی فکر غیر متوازن نہیں ہے۔

---

## مردِ مومن

از جناب ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب

شائع کردہ: کتاب منزل لاہور

قیمت: مجلد مع رنگین گرد پوش دو روپے چار آنے۔

یہ کتاب پہلے "قرآن اور سیرت سازی" کے نام سے شائع ہو چکی ہے اب اس کا دوسرا ایڈیشن "مردِ مومن" کے نام سے کتاب منزل نے پیش کیا ہے۔ ترجمان القرآن میں اس کے پہلے ایڈیشن پر ریویو ہو چکا ہے۔ لہذا کسی تفصیلی تبصرے کی ضرورت نہیں۔ ڈاکٹر میر ولی الدین ممتاز علمی حیثیت رکھتے ہیں۔ آپ کے اندازِ بیان میں فلسفہ تصوف اور ادبیت تینوں عناصر گندھے ہوئے ہیں۔ آپ عربی الفاظ خصوصاً مصادر بہت زیادہ استعمال کرتے ہیں جن کی وجہ سے زبان کہیں کہیں ثقیل ہو جاتی ہے۔ پیشِ نظر کتاب میں آپ نے واضح فرمایا ہے کہ قرآن کس طرح انسانی سیرت کو بناتا ہے۔ کتاب کے تین باب، قرآن اور علاجِ خوف، قرآن اور علاجِ حزن، اور قرآن اور علاجِ غضب خاص طور پر قابلِ مطالعہ ہیں۔ تازہ ایڈیشن بلحاظ دیدہ زیبی پہلے ایڈیشن سے فائق تر ہے۔

---

© rasailojaraid.com